سمعی مہارت کی مشقیں

مشق 15

متن

اذان نے گھر پر دو سال پہلے سفید رنگ کروایا تھا۔ اب اذان کو سفید رنگ سے اکتاہٹ ہونے لگی ہے۔ انہوں نے سوچا کہ اس سال کوئی مختلف رنگ کروائیں۔ انہوں نے مختلف رنگوں کے متعلق سوچا۔ ان کے خیال میں سرخ رنگ سے گھر بہت نمایاں ہو جائے گا۔ نیلا رنگ بھی انہیں پسند نہیں۔ اذان کے خیال میں نیلے رنگ سے گھر اداس لگتا ہے۔ انہوں نے پیلا رنگ بھی پسند نہیں کیا کہ پیلا بہت چمکتا ہوا محسوس ہو گا۔ آخر میں انہیں سبز رنگ کا خیال آیا۔ اذان کے خیال میں اس سے گھر پر سکون لگے گا۔ سبز رنگ آنکھوں کے لیے بھی بہت اچھا ہوتا ہے۔

سوالات

سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)

اذان نے گھر پر ______ سال پہلے سفید رنگ کروایا تھا۔ اب اذان کو______ رنگ سے اکتاہٹ ہونے لگی ہے۔ انہوں نے سوچا کہ اس سال کوئی مختلف رنگ کروائیں۔ انہوں نے مختلف رنگوں کے ______ سوچا۔ ان کے خیال میں ______ رنگ سے گھر بہت نمایاں ہو جائے گا۔ ______ رنگ بھی انہیں پسند نہیں۔ اذان کے خیال میں نیلے رنگ سے گھر______ لگتا ہے۔ انہوں نے ______ رنگ بھی پسند نہیں کیا کہ پیلا بہت ______ ہوا محسوس ہو گا۔ آخر میں انہیں ______ رنگ کا خیال آیا۔ اذان کے خیال میں اس سے گھر______ لگے گا۔ سبز رنگ آنکھوں کے لیے بھی بہت اچھا ہوتا ہے۔

سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے: (10)

ا۔ اذان نے گھر پر دو______ پہلے سفید رنگ کروایا تھا۔

ماہ　　　　دن　　　　سال

۲۔ اب اذان کو سفید رنگ سے ۔۔۔۔۔۔۔ ہونے لگی ہے۔

الجھن تکلیف اکتاہٹ

انہوں نے سوچا کہ اس سال کوئی ۔۔۔۔۔۔ رنگ کروائیں۔

مختلف سادہ نیا

۴۔ انہوں نے مختلف رنگوں کے متعلق ۔۔۔۔۔

جانا معلوم کیا سوچا

۵۔ ان کے خیال میں سرخ رنگ سے گھر بہت ۔۔۔۔۔۔۔ ہو جائے گا۔

برا خوش نمایاں

۶۔ اذان کے خیال میں ۔۔۔۔۔۔ رنگ سے گھر اداس لگے گا۔

پیلے سرخ نیلے

۷۔ پیلا بہت ۔۔۔۔۔ ہوا لگے گا۔

روتا ہنستا چمکتا

۸۔ آخر میں انہیں سبز ۔۔۔۔۔۔ کا خیال آیا۔

ماحول پرچم رنگ

۹۔ اذان کے خیال میں سبز رنگ سے گھر ۔۔۔۔۔۔ لگے گا۔

پرسکون بدرنگ اداس

۱۰۔ سبز رنگ ــ ــ ــ ــ ــ ــ ــ کے لیے بھی بہت اچھا ہوتا ہے۔

پودوں　　　　دیواروں　　　　آنکھوں

سننے کی مشق کے بعد کی بات چیت

آپ کے گھر میں مختلف کمروں میں کونسا رنگ کیا ہوا ہے؟ آپ کے خیال میں وہ کیوں کروایا گیا ہے؟

آپ کو گھر کے لیے کونسا رنگ پسند ہے؟

****